حرف آغاز

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم، صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حامداً ومصلیا

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کو اللہ جل شانہ نے ان آخری دو عشروں میں جو ترقی، استحکام اور مقبولیت عطا فرمائی ہے وہ کسی پر مخفی نہیں، الحمدللہ اس وقت پاکستان کے ہزاروں مدارس اس سے ملحق ہیں۔ ملک کے طول وعرض میں پھیلے ہوئے ان مدارس کے ساتھ وفاق کا امتحانات اور ان سے متعلق دیگر امور کے سلسلے میں عموماً ربط تو رہتا ہے لیکن ایک عرصے سے اس بات کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ وفاق کی کارکردگی، مجلس عاملہ کی کارروائی، وفاق المدارس العربیہ کے تحت منعقد ہونے والی مختلف مجلسوں اور میٹنگوں کی روئیداد اور حکومت کی سطح پر مذاکرات کی تفصیلات سے بھی مدارس آگاہ ہوتے رہیں تاکہ انہیں معلوم ہو کہ دینی مدارس کی ترقی اور دفاع کے سلسلے میں وفاق المدارس کیا فعال کردار ادا کر رہا ہے، وفاق المدارس ایک خالص تعلیمی امور سے متعلق ادارہ ہے، چنانچہ وفاق کے دستور دفعہ نمبر 4 میں ہے۔

> "وفاق المدارس ایک خالص تعلیمی اور غیر سیاسی تنظیم ہوگی، اس کا کسی سیاسی جماعت سے کوئی تعلق نہ ہوگا اور وفاق بحیثیت وفاق نہ کوئی سیاسی موقف اختیار کرے گا نہ ملکی سیاست میں کسی مسئلے میں اظہار رائے کرے گا اور نہ ہی اس بارے میں ملحقہ مدارس کو کوئی ہدایت جاری کرے گا"

الحمدللہ "وفاق المدارس" شروع دن سے ہی اس پالیسی پر گامزن رہا ہے، اس کی غیر معمولی ترقی کی ایک وجہ اس کی یہ غیر سیاسی پالیسی بھی ہے اور چونکہ یہ بالکل غیر سیاسی ادارہ ہے اس لیے اخبارات اور ملکی ذرائع ابلاغ میں اس کے فعال کردار کو وہ کوریج نہیں دی جاتی جس سے ملحقہ مدارس آگاہ ہو سکیں اس لیے وفاق المدارس کی مجلس عاملہ نے اپنے اجلاس منعقدہ 30 جمادی الاخری سنہ 1421ھ 4 ستمبر 2000ء میں یہ فیصلہ کیا کہ وفاق کا ایک رسالہ نکالا جائے جس کے ذریعہ وفاق کی کارکردگی سے تمام مدارس کو آگاہ کیا جائے اور وفاق المدارس العربیہ سے ملحق تمام مدارس میں بھیجا جائے، چنانچہ زیر نظر رسالہ اس کا پہلا شمارہ ہے، یہ رسالہ سہ ماہی ہوگا، اس رسالے میں وفاق المدارس العربیہ کی کارکردگی کے علاوہ اکابر علماء کے مضامین اور دینی مدارس کے خلاف مغربی پروپیگنڈے کی حقیقت بھی ان شاء اللہ واضح کی جائے گی اور دوسرے علمی اور اصلاحی مقالات و مضامین بھی شائع ہوں گے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رسالے کو قبول فرمائیں اور اسے ادارہ "وفاق المدارس" اور پڑھنے والوں کے لیے مفید بنائیں، آمین۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وعلی آلہ وصحبہ أجمعین